


# سابق کھلاڑیوں نے نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں اپنی اپنی پسندیدہ ٹیموں کا انتخاب کرلیا

- عماد وسیم کی کپتانی میں میدان میں اترنے والی ناردرن کی ٹیم کو شکست دینا آسان نہیں ہوگا، رمیز راجہ
- مجھے یقین ہے کہ یاسر شاہ اور بسم اللہ خان کی موجودگی میں بلوچستان کی ٹیم اچھا پرفارم کرے گی، یونس خان
- میں شاداب خان اور محمد عامر جیسے تجربہ کار کھلاڑیوں پر مشتمل ناردرن کی ٹیم کو اسپورٹ کررہا ہوں، سعید اجمل
- عمران نذیر، عبدالرحمٰن اور بازید خان نے خیبرپختونخوا کو ایونٹ کی فیورٹ ٹیم قرار دے دیا
- نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ 2020 میں شریک تمام ٹیموں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں، معین خان
- تمام ٹیمیں متوازی ہیں، آئیں مل کر اس ٹورنامنٹ کو کامیاب بنائیں، راشد لطیف

**لاہور،25 ستمبر 2020ء:**

پاکستان کے ڈومیسٹک سیزن 21-2020 کا آغاز نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ سے ہورہا ہے۔ کورونا وائرس کے ان غیر معمولی حالات کے باوجود کرکٹ سرگرمیوں کے آغاز پر جہاں کرکٹ کے مداح پرجوش ہیں تو وہیں سابق کرکٹرز بھی کرکٹ کے اس محدود ترین فارمیٹ میں سنسنی خیز مقابلے دیکھنے کے منتظر ہیں۔

تیس ستمبر سے ملتان میں شروع ہونے والے ایونٹ میں ناردرن اپنے ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔ ٹورنامنٹ کا دوسرا مرحلہ نو اکتوبر سے راولپنڈی میں شروع ہوگا، جہاں ایونٹ کی دو بہترین ٹیموں کے درمیان فائنل 18 اکتوبر کو ہوگا۔

اس سلسلے میں پاکستان کے نامور سابق کھلاڑیوں نے نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ 2020 میں شریک چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز میں سے اپنی اپنی

پسندیدہ ٹیموں کا انتخاب کیا ہے۔ سابق کپتان رمیز راجہ اور سعید اجمل کو ناردرن سے ٹائٹل کے دفاع کی امید ہے تاہم بازید خان، عمران نذیر اور عبدالرحمٰن نے محمد رضوان کی قیادت میں میدان میں اترنے والی خیبر پختونخوا کو اپنی فیورٹ ٹیم قرار دیا ہے۔

یونس خان نے بلوچستان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا توماضی کے 2 معروف وکٹ کیپر بیٹسمین راشد لطیف اور معین خان کی نظریں ایونٹ میں اعلیٰ معیار کے کرکٹ مقابلے دیکھنے کی منتظر ہیں۔

## رمیز راجہ، سابق ٹیسٹ کپتان اور معروف کمنٹیٹر:

سابق کپتان رمیز راجہ کا کہنا ہے کہ نیشنل ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے قریب آتے ہی فضا میں خوشی کی ایک واضح لہر محسوس کی جاسکتی ہے، یقین ہے کہ یہ ٹورنامنٹ شاندار رہے گا کیونکہ یہاں پاکستان کے سب سے باصلاحیت کرکٹرز ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کے لیے مدمقابل ہوں گے ۔

انہوں نے مزید کہا کہ عماد وسیم اعلیٰ کپتان ہیں اور ان کی کپتانی میں میدان میں اترنے والی ناردرن کی ٹیم کو شکست دینا آسان نہیں ہوگا، ناردرن کے نائب کپتان شاداب خان بھی محدود طرز کی کرکٹ کے بہترین کھلاڑی ہیں۔ رمیز راجہ نے کہا کہ ناردرن کی ٹیم میں شامل نوجوان بیٹسمین حیدر علی کی بے خوف بیٹنگ کرنے کی صلاحیت انہیں ٹورنامنٹ میں شریک دیگر تمام کھلاڑیوں سے منفرد بناتی ہے۔

## یونس خان، آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی 2009 ورلڈکپ کی فاتح ٹیم کے کپتان:

سابق کپتان یونس خان کا کہنا ہے کہ وہ نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ 2020 میں بلوچستان کی ٹیم کو اسپورٹ کررہے ہیں کیونکہ اس ٹیم میں سینئر اور جونیئر کھلاڑیوں کا بہترین امتزاج موجود ہے، انہیں یقین ہے کہ یاسر شاہ اور بسم اللہ خان کی موجودگی میں بلوچستان کی ٹیم اچھا پرفارم کرے گی۔

بلوچستان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے یونس خان نے کہا کہ نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں سنسنی خیز مقابلے ہوں گے جسے دیکھ کر شائقین کرکٹ خوب محظوظ ہوں گے۔

**سعید اجمل، نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کی تاریخ میں اب تک سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کرنے والے باؤلر:**

سابق کرکٹر سعید اجمل نے کپتان عماد وسیم، شاداب خان اور محمد عامر جیسے تجربہ کار کھلاڑیوں پر مشتمل ناردرن کو ایونٹ کی فیورٹ ٹیم قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدر علی اور روحیل نذیر جیسے باصلاحیت نوجوان کرکٹرز کی موجودگی کے باعث دیگر ٹیموں کی نسبت ناردرن کا کمبی نیشن زیادہ بہتر ہے۔

**عمران نذیر، 6 مرتبہ نیشنل ٹی ٹونٹی کپ جیتنے والی سیالکوٹ اسٹالینز کے پانچ چیمپئن اسکواڈز کا حصہ رہے:**

نیشنل ٹی ٹونٹی کپ میں سیالکوٹ اسٹالینز کی پہچان سمجھے جانے والے عمران نذیر اس مرتبہ ایونٹ میں خیبر پختونخوا کو اسپورٹ کریں گے۔ عمران نذیر نے کے پی کرکٹ ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ محمد حفیظ، شعیب ملک، محمد رضوان اور فخر زمان جیسے کھلاڑیوں کی موجودگی میں خیبر پختونخوا کا کمبی نیشن سب سے بہترین ہے، انہیں امید ہے کہ اسکواڈ میں شامل ہر کرکٹر عبدالرزاق کی کوچنگ میں زبردست کھیل کا مظاہرہ کرے گا۔

**عبدالرحمٰن، 6 مرتبہ نیشنل ٹی ٹونٹی کپ جیتنے والی سیالکوٹ اسٹالینز کے پانچ چیمپئن اسکواڈز کا حصہ رہے:**

نیشل ٹی ٹونٹی کپ میں سابق کرکٹر عبدالرحمٰن نے خیبر پختونخوا کو اپنی پسندیدہ ٹیم قرار دیا ہے۔ سابق ٹیسٹ اسپنر کا کہنا ہے کہ ٹی ٹونٹی کرکٹ میں کسی بھی ٹیم کا انحصار آلراؤنڈرز پر ہوتا ہے اور خیبر پختونخوا کی ٹیم میں شعیب ملک اور محمد حفیظ جیسے دو تجربہ کار آلراؤنڈرز موجود ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ٹیم کا توازن برقرار رکھنے کے لیے اس میں فخر زمان اور محمد رضوان جیسے کھلاڑی موجود ہیں۔

**بازید خان، سابق کرکٹر اور موجودہ کمنٹیٹر:**

بازید خان کا کہنا ہے کہ ان کی نظر میں خیبر پختونخوا کی ٹیم میچ ونرز کھلاڑیوں پر مشتمل ہے، لہٰذا یہ ٹیم ٹورنامنٹ جیتنے کے لیے سب سے فیورٹ ہے، وہاب ریاض، شاہین شاہ آفریدی اور جنید خان میچ ونر کھلاڑی ہیں۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ خیبر پختونخوا کا اسکواڈ ایک

ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹیم کے لحاظ سے بہت اچھا بولنگ اٹیک ہے اور کسی کو بھی اسپن آلراونڈر زوہیب خان کی صلاحیت پر بھی کوئی شک نہیں ہونا چاہیے۔

انہوں نے مزید کہا کہ تجربہ کار شعیب ملک، محمد حفیظ، فخر زمان اور افتخار احمد جیسے کرکٹرز بخوبی جانتے ہیں کہ ایک اچھا ٹارگٹ کیا ہوتا ہے۔

## معین خان، نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کی تاریخ کی پہلی سنچری کرنے والے کرکٹر:

سابق کپتان معین خان کا کہنا ہے کہ وہ نیشنل ٹی ٹونٹی کپ 2020 میں شریک تمام ٹیموں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں، انہیں امید ہے کہ یہ ایک بہترین ٹورنامنٹ ثابت ہوگا ۔ معین خان کا کہنا تھا کہ یہ ٹورنامنٹ نوجوان کھلاڑیوں کو ایچ بی ایل پی ایس ایل اور قومی ٹیم میں سلیکٹ ہونے کے مواقع فراہم کرے گا، لہٰذا قومی کھلاڑیوں کو کسی صورت یہ موقع نہیں گنوانا چاہیے ۔

## راشد لطیف، سابق ٹیسٹ کپتان:

راشد لطیف نے کہا کہ دفائی چیمپین ناردرن کے پاس محمد وسیم کی صورت میں ایک بہترین ہیڈ کوچ اور عماد وسیم جیسا کپتان موجود ہے، اس اسکواڈ میں محمد عامر جیسا تجربہ کار فاسٹ باؤلر اور حیدر علی جیسا نوجوان کھلاڑی موجود ہے، اسی طرح خیبر پختونخوا کے پاس عبدلراق جیسا نیا کوچ اور محمد رضوان جیسا نیا کپتان موجود ہے، جنہیں جنید خان، محمد حفیظ، وہاب ریاض اور شعیب ملک جیسے تجربہ کار کھلاڑیوں کا ساتھ میسر ہے۔

راشد لطیف کا مزید کہنا تھا کہ یہ ٹورنامنٹ نوجوان کھلاڑیوں کے لیے بہت اہم ہے ،وہ پرامید ہیں کہ یہ ٹورنامنٹ کامیاب رہے گا۔ انہوں نے مداحوں سے درخواست کی ہے کہ وہ اس ایونٹ کو کامیاب بنانے کے لیے اپنی بھرپور اسپورٹ کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk

M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## About the National T20 Cup

- The 2020-21 season curtain-raiser under Covid-19 protocols will be held from 30 September to 18 October with the First XI matches in Multan and Rawalpindi, and Second XI matches in Lahore. Complete event and season's schedule available here

- Imad Wasim's Northern will defend the title they won in 2019-20 after defeating Balochistan in front of a packed-to-capacity Iqbal Stadium, Faisalabad. Other four sides are Central Punjab, Khyber Pakhtunkhwa, Sindh and Southern Punjab

- Pakistan's very best white-ball cricketers will feature in the competition. Complete player squads are available here.

- As part of the US$200million agreement with PTV Sports and I-Media Communications Services, the event will be produced by the PCB and broadcasted live on PTV Sports. Click here to read more about the three-year agreement

- The First XI event carries a total prize money of PKR9million with the winner collecting a cheque of PKR5million and the runner-up receiving PKR2.5million.

- With one eye on the ICC T20 World Cups 2021 and 2022 the First XI matches will be held on double-league, meaning each player will get a minimum of 10 matches to impress the national selectors as well as franchise owners for the HBL Pakistan Super League 2021

- With match fee for white-ball matches set at PKR40,000, the double-league format provides a high-performing player to earn, at least, PKR400,000. This is part of the PCB's strategy and commitment to enhance earning opportunities as well as to reward high-performing cricketers

- To know and understanding potential player earnings in the 2020-21 domestic season, please click here




Partners

pepsi easypaisa SABROSO THE CHICKEN SPECIALIST Lifebuoy

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4